نہم لاہور بورڈ 2013

مطالعہ پاکستان (لازمی) (نیو سکیم) — پرچہ: I (انشائیہ طرز)

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ — (پہلا گروپ) — کل نمبر: 40

(حصہ اوّل)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) توحید سے کیا مراد ہے؟

(ii) علامہ اقبالؒ نے مسلم ملت کی اساس کے حوالے سے کیا فرمایا؟

(iii) برصغیر کے تاریخی تناظر میں دوقومی نظریے سے کیا مراد ہے؟

(iv) 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد سرسید احمد خان نے مسلمانوں کی حالت زار کے متعلق کیا فرمایا ہے؟

(v) قائداعظمؒ نے مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس لاہور کی صدارت کرتے ہوئے اپنے خطبے میں مسلمانوں کی جدوجہد کے لیے سمت کا تعین کر دیا اس خطبہ کے کوئی سے دو نکات بیان کیجیے۔

(vi) ویول پلان کے کوئی سے دو نکات لکھیے۔

(vii) سی آر فارمولا 1944ء کے دو اہم نکات بیان کیجیے۔

(viii) ماحولیاتی آلودگی کی اقسام تحریر کیجیے۔

(ix) سیم وتھور کی دو وجوہات بیان کیجیے۔

www.ilmkidunya.com

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) زمینی آلودگی کی چار وجوہات بیان کیجیے۔

(ii) ایوب خان کی زرعی اصلاحات کے کوئی سے چار نکات بیان کیجیے۔

(iii) 1956ء کا آئین کیسے منسوخ ہوا؟

(iv) معاشی ترقی سے کیا مراد ہے؟

(v) ریڈکلف کی غیر منصفانہ تقسیم سے کون کونسے مسلم اکثریت والے علاقے بھارت کے پاس چلے گئے۔

(vi) تیسرے پانچ سالہ ترقیاتی منصوبے کے پانچ اہداف کا تذکرہ کیجیے۔

(vii) مسلم فیملی لاء آرڈیننس 1961ء کے کوئی سے چار نکات تحریر کیجیے۔

(viii) مالاکنڈ ڈویژن کیسے تشکیل دیا گیا؟

(ix) آئینی ڈھانچے ''لیگل فریم ورک آرڈر'' میں آئندہ کی حکمت عملی کے لیے درج نکات تحریر کیجیے۔

(حصہ دوم)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھیے۔

-4 علامہ محمد اقبالؒ کے ارشادات کی روشنی میں نظریہ پاکستان کی وضاحت کیجیے۔ 8

-5 قیام پاکستان میں قائداعظمؒ کا کردار بیان کیجیے۔ 8

-6 (الف) درجہ حرارت کے لحاظ سے پاکستان کو کتنے علاقوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟ 4

(ب) پاکستان کی چار ابتدائی مشکلات کا جائزہ لیجیے۔ 4